سوال

(181) حق مہر کا تعین

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا اسلام میں نکاح کے موقع پر حق مہر کی رقم متعین ہے بعض علماء کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے تقریباً بتیس روپے حق مہر مقرر کیا ہے اور یہ شرعی مہر ہے۔ کیا یہ درست ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ سے کسی حدیث میں یہ ثابت نہیں ہے کہ آپ نے مہر کی رقم معین کی اور آپ ﷺ کے زمانے میں اس کے برعکس یہ ثابت ہے کہ رسول اللہ نے ایک شخص سے نکاح کے موقع پر فرمایا کہ تیرے اس مہر کے لئے گھر میں کوئی چیز ہے تو لاؤ وہ گیا اور خالی ہاتھ واپس لگیا اور کہنے لگا اللہ کے رسول میرے پاس تو ایک چادر کے سوا کچھ نہیں آپ نے فرمایا لوہے کی انگوٹھی ہی لے آؤ۔ اسے وہ بھی میسر نہ تھی تو پھر آپ نے فرمایا تجھے قرآن کا کچھ حصہ یاد ہے؟ اس نے کہا ہاں فلاں فلاں سورت یاد ہے تو اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے سورتیں یاد کرادو' تمہارا یہی حق مہر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص382

محدث فتویٰ